**Bachelor of Science (B.Sc.) Semester–I (CBS) Examination**

**URDU**

**Compulsory Paper–2**

835

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 60

سوال نمبر۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون تحریر کیجئے۔ 12

(۱) آبی آلودگی — وجوہات اور حل

(۲) ماحولیاتی مسائل کے تدارک میں نوجوانوں کا کردار

(۳) تعلیم ایک نعمت

(۴) سائنس کے شعبہ میں ہندوستان کی کارکردگی

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل سوال کا مفصل جواب تحریر کیجئے۔ 6

سرسید نے کس طرح ثابت کیا کہ عقل کا دائرہ محدود اور امید کا دائرہ لامحدود ہوتا ہے؟

**یا**

شہر بھوپال میں مصنف کو اردو تہذیب کس طرح دکھائی دی؟

(ب) درج ذیل سوال کا مفصل جواب لکھئے۔ 6

میر تقی میرؔ کی مختصراً سوانح حیات تحریر کرتے ہوئے ان کے کلام کی خوبیاں لکھئے۔

**یا**

مومن خاں مومن کے کلام میں نازک خیالی کا اظہار ہے۔ مع مثالوں کے واضح کیجئے۔

سوال نمبر۳۔ (الف) درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 6

(۱) سائنس کی ایجادات سے انسان براہِ راست متاثر ہوتا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

(۲) معیاری مضمون لکھنے کے لئے کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے؟

**یا**

(۳) شاعر یا ادیب کا خیال کہاں تک جاسکتا ہے؟ مختصراً لکھئے۔

(۴) مضمون نگار کے لئے مشق کیوں ضروری ہے؟



rtmnuonline.com

(ب) درج ذیل اشعار کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ 6

۱۔ ویراں ہے میکدہ خم و ساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ روٹھ گئے دن بہار کے
دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کردیا
تجھ سے بھی دلفریب ہیں غم روزگار کے

۲۔ پھاڑ کر پھینکتے ہیں جامۂ ہستی کو سمیت
لے جنوں ہم نے یہ سامان بکھیرا تیرا
دیکھنا ناطقِ شوریدہ کو پھیری والے
کوچۂ یار میں ہو اب کے جو پھیرا تیرا

**یا**

۳۔ ترے غم کو جاں کی تلاش تھی ترے جاں نثار چلے گئے
تری رہ میں کرتے تھے سر طلب سر رہگزر چلے گئے
یہ ہمیں تھے جن کے لباس پر سر رہ سیاہی لکھی گئی
یہی داغ تھے جو سجا کے ہم سر بزمِ یار چلے گئے

۴۔ رکھی ہوئی ہے ساری خدائی ترے لیے
حقدار بن کے سامنے آ مانگ یا نہ مانگ
اس خاکدان دہر میں گھٹتا اگر ہے دم
مقدور ہو تو آگ لگا دے ہوا نہ مانگ

سوال نمبر۴۔ (الف) آپ کتابوں کے ناشر (پبلشر) ہیں۔ معیاری کتابوں کی فروخت کے سلسلے میں مناسب اشتہار تیار کیجئے۔ 5

**یا**

آپ ایم۔ایس۔سی پاس ہیں۔ تحقیق (ریسرچ) کے شعبہ میں جانا چاہتے ہیں۔ اس کے لئے مناسب اشتہار دیجئے۔

(ب) دیئے گئے انگریزی اقتباس کا سلیس اور بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 4

One day my mother tied my hands and legs with a soft rope for about five minutes which seemed like a century. I did not like that at all. I hated it. A few days later, we were in the market.



rtmnuonline.com

We passed my favourite pet shop. I had loved watching animals there. But, this time, when I saw the caged animals, my heart flew out to them. Then, I remembered the saying that no-one likes to be in a cage even in zoo? Don't they have right to freedom. There are some zoos who take really good care at animals.

(ج) درج ذیل محاوروں کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجئے۔ (کوئی تین) 3

(۱) سانپ سونگھ جانا

(۲) سرپٹ بھاگنا

(۳) گدھے کے سر سے سینگ غائب ہونا

(۴) منہ لگانا

(۵) دانت سے پیسہ پکڑنا

سوال نمبر ۵۔ (الف) ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔ 6

(۱) مصنف کو بھوپال کے لوگوں کا لہجہ کیوں پسند آیا۔

(۲) مضمون کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں۔

(۳) رابندر ناتھ ٹیگور نے سائنس کے مطالعہ کے متعلق کیا لکھا ہے؟

(۴) مرزا غالب کا ایک شعر تحریر کیجئے۔

(۵) فیض روزگار کے غم میں کس سے بیگانہ ہوئے ہیں؟

(۶) ناطق کا مکمل نام اور ان کی جائے پیدائش لکھئے۔

(ب) اخبار کے لئے روداد (رپورٹ) لکھئے۔ 6

ملک نیپال میں زلزلے کی تباہ کاریاں

**یا**

ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ نے آسٹریلیا کو شکست دی۔

☆☆☆☆☆



rtmnuonline.com